# PRE BOARD EXAMINATION(2023-24)

## URDU- A

## CLASS: X

Time: 3 Hrs. M.M. : 80

### حصہ 'الف'

1۔ مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5×1=5

ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام بھیم راؤ سکپال تھا۔ وہ 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش کے قصبے مہو میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق مہاراشٹر کے مہار خاندان سے تھا۔ اس زمانے میں چھوت چھات کی وبا عام تھی۔ ڈاکٹر امبیڈکر کو بچپن ہی سے اس قسم کے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا۔ ایک دفعہ وہ اسکول جا رہے تھے کہ بہت زور کی بارش شروع ہوگئی۔ وہ ایک مکان کی دیوار کے سہارے کھڑے ہونا چاہتے تھے۔ مکان کی مالکہ نے انھیں ڈانٹا اور وہاں سے چلے جانے پر مجبور کر دیا۔ وہ نہیں چاہتی تھی کہ چھوٹی ذات کا کوئی فرد اس کے مکان کی دیوار کے پاس کھڑا رہے۔

(i) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام کیا تھا؟

(A) بھیم راؤ جگپال (B) بھیم راؤ ست پال

(C) بھیم راؤ ناگ پال (D) بھیم راؤ سکپال

(ii) بھیم راؤ امبیڈکر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

(A) 10 اپریل 1871 کو اتر پردیش میں (B) 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش میں

(C) 14 اپریل 1861 کو آندھرا پردیش میں (D) 14 اپریل 1881 کو ہماچل پردیش میں

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر کا تعلق کس خاندان سے تھا؟

(iv) ڈاکٹر امبیڈکر کو بچپن ہی سے کس چیز کا سامنا کرنا پڑا؟

(v) ایک بار اسکول جاتے ہوئے ان کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟

1۔

**(i) صحیح جواب**

**آپشن (d)** دیئے گئے اقتباس کے مطابق بھیم راؤ سکپال صحیح جواب ہے۔ 1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

چونکہ اقتباس میں ان کا نام بھیم راؤ سکپال دیا گیا ہے اس لئے آپشن a غلط ہے۔

چونکہ اقتباس میں ان کا نام بھیم راؤ سکپال دیا گیا ہے اس لئے آپشن b غلط ہے۔

چونکہ اقتباس میں ان کا نام بھیم راؤ سکپال دیا گیا ہے اس لئے آپشن c غلط ہے۔

**(ii) صحیح جواب**

**آپشن (b)** دیئے گئے اقتباس کے مطابق 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش میں، صحیح جواب ہے۔ 1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

چونکہ اقتباس میں بھیم راؤ امبیڈکر 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش میں پیدا ہوئے، دیا گیا ہے اس لئے آپشن a غلط ہیں۔

چونکہ اقتباس میں بھیم راؤ امبیڈکر 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش میں پیدا ہوئے، دیا گیا ہے اس لئے آپشن c غلط ہیں۔

چونکہ اقتباس میں بھیم راؤ امبیڈکر 14 اپریل 1891 کو مدھیہ پردیش میں پیدا ہوئے، دیا گیا ہے اس لئے آپشن d غلط ہیں۔

**(iii) صحیح جواب**

طلبا دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**(iv) صحیح جواب**

طلبا دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**(v) صحیح جواب**

طلبا دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**اصلاح / مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کی رہنمائی کریں گے کہ وہ سوالنامہ میں دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیں اور دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

2۔ مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5×1=5

انفاقاً ایک پودا اور گھاس
باغ میں دونوں کھڑے ہیں پاس پاس

گھاس کہتی ہے کہ اے میرے رفیق
کیا انوکھا اس جہاں کا ہے طریق

ہے ہماری اور تمہاری ایک ذات
ایک قدرت سے ہے دونوں کی حیات

مٹی اور پانی ہوا اور روشنی
واسطے دونوں کے یکساں ہے بنی
تجھ پہ لیکن ہے عنایت کی نظر
پھینک دیتے ہیں مجھے جڑ کھود کر

(i) درج بالا شعری حصے میں کس کے درمیان گفتگو ہو رہی ہے؟

(A) ایک پہاڑ اور گلہری　　(B) ایک بکری اور گائے

(C) ایک مکڑا اور مکھی　　(D) ایک پودا اور گھاس

(ii) رفیق کے کیا معنی ہیں؟

(A) دوست　　(B) دشمن

(C) خاندان　　(D) بادشاہ

(iii) کس پر لوگ نظر عنایت کرتے ہیں؟

(iv) کسے لوگ جڑ کھود کر پھینک دیتے ہیں؟

(v) مٹی، پانی، ہوا اور روشنی کس کے واسطے یکساں بنی ہیں؟

CS CamScanner

2 -

**صحیح جواب(i)**

1 آپشن (d) دئیے گئے شعری اقتباس کے مطابق ایک پودا اور گھاس صحیح جواب ہے

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

چونکہ شعری اقتباس میں ایک پودا اور گھاس کے درمیان گفتگو ہو رہی ہے اس لیے آپشن a, غلط ہیں۔

چونکہ شعری اقتباس میں ایک پودا اور گھاس کے درمیان گفتگو ہو رہی ہے اس لیے آپشن b غلط ہیں۔

چونکہ شعری اقتباس میں ایک پودا اور گھاس کے درمیان گفتگو ہو رہی ہے اس لیے آپشن c, غلط ہیں۔

**صحیح جواب(ii)**

1 آپشن(a) طلبا اپنی سمجھ سے معنی اخذ کر کے آپشن (a) جواب لکھیں گے۔

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

(b) چونکہ لفظ دشمن، دوست کا متضاد ہوتا ہے اس لیے یہ جواب غلط ہے۔

(c) چونکہ لفظ خاندان گھر کے تمام ممبران سے مل کر بنا ہوتا ہے اس لیے یہ جواب غلط ہے۔

(d) چونکہ لفظ بادشاہ، کسی سلطنت کے حاکم کو کہا جاتا ہے اس لیے یہ جواب غلط ہے۔

**صحیح جواب(iii)**

1 طلبا اپنی سمجھ کے مطابق دئیے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔

**(iv)صحیح جواب**

طلبا اپنی سمجھ کے مطابق دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**(v)صحیح جواب**

طلبا اپنی سمجھ کے مطابق دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**اصلاح / مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کی رہنمائی کریں گے کہ وہ سوالنامہ میں دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیں اور دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔ نظم/سبق پڑھاتے وقت اساتذہ اکرام نظم/سبق میں آئے مشکل الفاظ کے معنی بتائیں اور مشق کرائیں۔

3۔ مندرجہ ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5×1=5

ترقی یافتہ ملک اس بات پر بہت غل مچاتے ہیں کہ عورت اور مرد دونوں باعتبار آفرینش کے مساوی ہیں اور دونوں برابر حق رکھتے ہیں۔ کوئی وجہ نہیں کہ عورتوں کو مردوں سے کم اور حقیر سمجھا جاوے۔ بااین ہمہ، ہم دیکھتے ہیں کہ جس قدر قدر و منزلت عورتوں کی مذہب اسلام میں کی گئی ہے اور ان کے حقوق اور ان کے اختیارات کو مردوں کے برابر کیا گیا ہے، اس قدر آج تک کسی تربیت یافتہ ملک میں نہیں ہے۔ مسلمان قانون میں عورتوں کے مردوں کے برابر حقوق اور اختیارات تسلیم کیے گئے ہیں۔

جس طرح مرد، اسی طرح عورت، اپنی شادی کرنے میں مختار ہے۔ جس طرح کہ مرد کا بے رضا نکاح نہیں ہوسکتا، اسی طرح عورت کی بلا رضامندی نکاح نہیں ہوسکتا۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) مخلوط زبان (B) عورتوں کے حقوق

(C) آزمائش (D) نیا قانون

(ii) درج بالا اقتباس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) الطاف حسین حالی

(C) سرسید احمد خاں (D) محمد مجیب

(iii) تربیت یافتہ ملک کس بات پر بہت غل مچاتے ہیں؟

(iv) کس مذہب میں عورتوں کے حقوق اور ان کے اختیارات کو مردوں کے برابر تسلیم کیا گیا ہے؟

(v) نکاح کے معاملے میں عورت اور مرد کو کیا اختیارات حاصل ہیں؟

-3

**صحیح جواب(i)**

**آپشن(b)** طلبا پڑھے ہوئے اسباق کی بنیاد پر سبق عورتوں کے حقوق، جواب اخذ کریں گے جو کہ صحیح جواب ہے۔ 1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

چونکہ اقتباس میں اس اقتباس میں عورتوں کے حقوق کی بات کی گئ ہے اس لئے آپشن a غلط ہیں۔

چونکہ اقتباس میں اس اقتباس میں عورتوں کے حقوق کی بات کی گئ ہے اس لئے آپشن c غلط ہیں۔

چونکہ اقتباس میں اس اقتباس میں عورتوں کے حقوق کی بات کی گئ ہے اس لئے آپشن d غلط ہیں۔

**صحیح جواب(ii)**

**آپشن(c)** دیئے گئے اقتباس کو پڑھ کر طلبا اپنی سمجھ کے مطابق سر سید احمد خاں کا انتخاب کریں گے جو کہ صحیح جواب ہے۔ 1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

مخلوط زبان کے مصنف مولوی عبدالحق ہیں اس لیے آپشن a غلط ہے۔

سر سید کا بچپن کے مصنف الطاف حسین حالی ہیں اس لیے آپشن b, غلط ہے۔

آزمائش کے مصنف محمد مجیب ہیں اس لیے آپشن d غلط ہے۔

**صحیح جواب(iii)**

طلبا اپنی سمجھ کے مطابق دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**صحیح جواب(iv)**

طلبا اپنی سمجھ کے مطابق دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**صحیح جواب(v)**

طلبا اپنی سمجھ کے مطابق دیئے گئے اقتباس سے تلاش کر کے جواب لکھیں گے۔ 1

**اصلاح / مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کی رہنمائی کریں گے کہ وہ سوالنامہ میں دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیں اور دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔ نظم/سبق پڑھاتے وقت اساتذہ اکرام نظم/سبق کے شاعر اور مصنّف کا نام بھی بتائیں۔

5=

4۔ مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے۔

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم
تعبیر ہے جس کی حسرت و غم، اے ہم نفسو! وہ خواب ہیں ہم

اے شوق پتا کچھ تو ہی بتا اب تک یہ کرشمہ کچھ نہ کھلا
ہم میں ہے دل بے تاب نہاں یا آپ دل بے تاب ہیں ہم

ہے دل میں تڑپتے جی بھر کر پر ضعف نے مشکیں کس دیں ہیں
ہو بند اور آتش پر ہو چڑھا سیماب بھی وہ سیماب ہیں ہم

میں حیرت و حسرت کا مارا خاموش کھڑا ہوں ساحل پر
دریائے محبت کہتا ہے آ کچھ بھی نہیں پایاب ہیں ہم

لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں منزل پہ پہنچتے ہیں دو اک
اے اہل زمانہ قدر کرو، نایاب نہیں کم یاب ہیں ہم

(i) درج بالا شعری حصے کے شاعر کا نام کیا ہے؟

(A) شادؔ عظیم آبادی (B) مرزا محمد رفیع سوداؔ
(C) شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ (D) فانیؔ بدایونی

(ii) درج بالا اشعار شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتے ہیں؟

(A) مثنوی (B) رباعی
(C) نظم (D) غزل

(iii) 'نایاب' کے کیا معنی ہیں؟

(iv) درج بالا شعری حصے کی ردیف لکھیے۔

(v) پانچویں شعر میں شاعر یہ کیوں کہتا ہے کہ اہل زمانہ کو ہماری قدر کرنی چاہیے؟

4-

صحیح جواب(i)

آپشن (a) طلبا اپنی سمجھ کے مطابق شادؔ عظیم آبادی کا انتخاب کریں گے، جو کہ صحیح جواب ہے 1

دیگر آپشنز کا جائزہ

(b) چونکہ سوداؔ کی غزل بہار بے سپر جام ۔۔۔۔ ہے اس لیے یہ جواب غلط ہے۔

(c) چونکہ ذوقؔ کی غزل لائی حیات آئے ۔۔۔۔ ہے اس لیے یہ جواب غلط ہے۔

(d) چونکہ فانیؔ کی غزل دنیا میری بلا جانے ۔۔۔۔ ہے اس لیے یہ جواب غلط ہے

صحیح جواب(ii)

آپشن (d) طلبا اپنی سابقہ معلومات اور سمجھ کے مطابق غزل کا انتخاب کریں گے، جو کہ صحیح جواب ہے

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

(a) چونکہ مثنوی مسلسل اشعار کے مجموعے کو کہتے ہیں جس میں ہر شعر کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوتے ہیں اور شعر کے قافیے الگ الگ ہوتے ہیں، اس لیے یہ جواب غلط ہے۔

(b) چونکہ رباعی میں چار مصرعے ہوتے ہیں اس لیے یہ جواب غلط ہے

(d) چونکہ غزل کے علاوہ تمام اصناف میں کی جانے والی شاعری کو نظم کہتے ہیں اور نظم کا ایک مرکزی خیال ہوتا ہے اس لیے یہ جواب غلط ہے۔

**صحیح جواب(iii)**

طلبا اپنی سمجھ سے لفظ نایاب کا معنی انتہائی قیمتی لکھیں گے۔ 1

**صحیح جواب(iv)**

طلبا شعری اقتباس سے تلاش کر کے لکھیں گے۔ 1

**صحیح جواب(v)**

ہمارا شمار ایسے لوگوں میں ہوتا ہے جو اپنی منزل تک پہنچتے ہیں، اس لیے ہماری قدر کرنی چاہیے۔ 1

**اصلاح / مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کی رہنمائی کریں گے کہ وہ سوالنامہ میں دیئے گئے اقتباس کو غور سے پڑھیں اور دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔ نظم/سبق پڑھاتے وقت اساتذہ اکرام نظم/سبق میں آئے مشکل الفاظ کے معنی بتائیں اور مشق کرائیں۔ اساتذہ اکرام طلبا کو شاعری کی مختلف اصناف کا فرق بھی بتائیں۔

**حصہ 'ب'**

- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 300-250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 1×10=10

(i) بے روزگاری

(ii) دہشت گردی ملک کی سالمیت کے لیے خطرہ

(iii) بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور ان کا حل

-5

**تعارف وتمہید:** ۔ طلبا نے مضمون کا تعارف پر زور اور پر اثر الفاظ میں کیا ہو۔ 2

**نفس مضمونُ:** ۔ طلبا نے عنوان کے متعلق تفصیل سے لکھا ہو۔ 4

**انداز بیان:** ۔ طلبا نے مضمون مناسب الفاظ میں بیان کیا ہو۔ لفظوں کا انتخاب عنوان کے مطابق کیا ہو۔ املا کی غلطیاں

نہ کی ہوں۔ 2

**اختتام :۔** طلبا مضمون کا نچوڑ اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔ 2

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ اکرام زبان کی صحت اور خوبی کا خیال رکھا جائے ،طلبا نے ایک ہی لفظ کو بار بار نہ دہرایا ہو۔طلبا میں تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنے کے لیے سہل اور عام موضوعات پر مضامین لکھنے کی مشق کرائی جائے۔ طلبا کی املا کی غلطیوں کو نظر انداز کرنا چاہیے اور انھیں جزوی نمبر دینے چاہیے۔

6۔ اپنے دوست کو خط لکھ کر تعلیم کی اہمیت کے بارے میں بتائیے۔

یا

اپنے پرنسپل کے نام سیکشن تبدیل کرنے کے لیے درخواست لکھیے۔

6-

**خط/درخواست**

**خاکہ:۔** طلبا اس حصہ میں القاب وآداب،عہدہ، پتہ،موضوع ،تاریخ لکھیں گے۔ 1

**نفس مضمون:۔** طلبا خط یادرخواست لکھنے کا مقصد لکھیں گے۔ 2

**اختتام:۔** طلبا اختتامی کلمات بیان کریں گے۔ 1

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ اکرام زبان کی صحت اور خوبی کا خیال رکھا جائے ،طلبا نے ایک ہی لفظ کو بار بار نہ دہرایا ہو۔ خط/ درخواست کا خاکہ پیش کر کے طلبا کچھ نمبر بھی حاصل کر سکتے ہیں لیکن اساتذہ کی یہ کوشش ہونی چاہیے کہ طلبا خط/ درخواست کے ہر جز کو پیپر میں لکھے۔

=4

7۔ سرسید احمد خاں کی حیات اور ادبی خدمات پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

یا

سبق "نیا قانون" کا خلاصہ لکھیے۔

7-

سرسیّد کی پیدائش،جائے پیدائش،تعلیم وتربیت، والدین سے متعلق جانکاری، وفات 2

سرسیّد کی ادبی خدمات، اسلوب، کتب، نامور رفقا 2

یا

مصنّف کا نام، سبق سے متعلق کرداروں کے نام، 2

زبان و بیان، سبق کا خلاصہ، اسلوب 2

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کی سبق سے متعلق جانکاری، زبان و بیان کی جانچ کریں گے اور طلبا کی املا کی غلطیوں کو نظر انداز کرنا چاہیے اور انھیں جزوی نمبر دینے چاہیے۔

8۔ ذوقؔ کے حالات زندگی اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

یا

"اودیس سے آنے والے بتا" نظم کا خلاصہ لکھیے۔

8-

ذوقؔ کی پیدائش، جائے پیدائش، تعلیم وتربیت، والدین سے متعلق جانکاری، وفات 1.5

ذوقؔ کی ادبی خدمات، اسلوب، خطابات، اصناف سے متعلق جانکاری 1.5

یا

شاعر کا نام، 1

زبان و بیان، نظم کا خلاصہ، اسلوب 2

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کی نظم سے متعلق جانکاری، زبان و بیان، اسلوب کی جانچ کریں گے اور طلبا کی املا کی غلطیوں کو نظر انداز کرنا چاہیے اور انھیں جزوی نمبر دینے چاہیے۔

9۔ خاکہ نگار (محمد طفیل) نے کیوں کہا ہے کہ جگرؔ صاحب کی باتیں غزل کے شعر ہوتی ہیں۔

یا

"دو فرلانگ لمبی سڑک" افسانے کا خلاصہ لکھیے۔

9-

طلبا اپنی سمجھ اور جانکاری کے مطابق خاکہ جگر صاحب کے متعلق لکھیں گے۔ 4

یا

مصنّف کا نام وحیات، افسانوی مجموعوں کے نام 2

افسانہ سے متعلق کرداروں کے نام، سبق کا خلاصہ، اسلوب 2

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کی افسانہ سے متعلق جانکاری، اسلوب، زبان و بیان کی جانچ کریں گے اور طلبا کی املا کی غلطیوں کو نظر انداز کرنا چاہیے اور انھیں جزوی نمبر دینے چاہیے۔

---

**حصہ 'ج'**

10۔ (i) فعل ماضی اور فعل حال میں فرق واضح کرتے ہوئے دونوں کی ایک ایک مثال دیجیے۔

(ii) فعل معروف اور فعل مجہول میں کیا فرق ہے؟ دونوں کی ایک ایک مثال دیجیے۔

(iii) وہ فعل جس کو اپنے مفہوم کے لیے مفعول کی ضرورت ہوتی ہے، کیا کہلاتا ہے؟

(A) فعل لازم (B) فعل متعدی

(C) فعل معروف (D) فعل مجہول

10۔

**صحیح جواب(i)**

طلبا اپنی سابقہ معلومات کی بنیاد پر فعل ماضی اور فعل حال کی تعریف بیان کریں گے۔ 1/2+1/2=1

طلبا اپنی معلومات کی بنیاد پر فعل ماضی اور فعل حال کی مثالیں لکھیں گے۔ 1/2+1/2=1

**صحیح جواب(ii)**

طلبا اپنی سابقہ معلومات کی بنیاد پر فعل معروف اور فعل مجہول کی تعریف بیان کریں گے۔ 1/2+1/2=1

طلبا اپنی معلومات کی بنیاد پر فعل معروف اور فعل مجہول کی مثالیں لکھیں گے۔ 1/2+1/2=1

**صحیح جواب(iii)**

آپشن (b) طلبا اپنی سمجھ کے مطابق فعل متعدی جواب لکھیں گے جو کہ صحیح جواب ہے۔ 1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

چونکہ فعل لازم، وہ فعل جس میں کسی کام کا اثر صرف فاعل تک محدود رہے، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

چونکہ فعل معروف، وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

چونکہ فعل مجہول، وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ اکرام طلبا کو فعل کی تعریف اوراس کی اقسام سے روشناس کرائیں اوراس کی مشق بھی کرائیں۔

11- (i) صنعت حسن تعلیل کی تعریف اور مثال لکھیے۔

(ii) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی
بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) حسن تعلیل　　(B) تضاد

(C) تلمیح　　(D) استعارہ

(iii) استعارہ کی تعریف مع مثال لکھیے۔

11-

**(i)صحیح جواب**

طلبا اپنی جانکاری کی بنیاد پرحسن تعلیل کی تعریف اور مثال بیان کریں گے۔　1+1=2

**(ii)صحیح جواب**

**آپشن(c)** طلبا شعر پڑھ کر اپنی سمجھ سے صحیح جواب تلمیح لکھیں گے۔　1

**دیگرآپشنز کا جائزہ**

چونکہ حسن تعلیل،تضاد،استعارہ میں کسی تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ نہیں ہوتا ہے اس لیے آپشن a,b,d غلط ہیں۔

**(iii)صحیح جواب**

طلبا اپنی سمجھ کی بنیاد پر استعارہ کی تعریف بیان کریں گےاور مثال لکھیں گے۔　1+1=2

**اصلاح / مشورہ**

اساتذہ کو یہ اذہن نشین رہنا چاہیے کہ شاعری کے ذوق وشوق کے لیے ضروری ہے کہ طلبا مختلف صنائع بدائع کی نشاندہی کرسکیں۔

12- (i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف چار کو جملے میں استعمال کیجیے۔　4

(a) آنکھوں میں دھول جھونکنا　(b) دل باغ باغ ہونا　(c) بغلیں جھانکنا

(d) مان نہ مان میں تیرا مہمان　(e) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا　(f) ابھی دلی دور ہے

(ii) 'خون سفید ہونا' کے کیا معنی ہیں؟　1

(A) خون کا رنگ بدلنا　(B) خون کی کمی ہونا

(C) ہمدردی کرنا　(D) ہمدردی نہ کرنا

(iii) 'ہکا بکا ہونا' کے کیا معنی ہیں؟　1

(A) پریشان ہونا　(B) حیران رہ جانا

(C) شرمندہ ہونا　(D) غم زدہ ہونا

12۔

**صحیح جواب(i)**

طلبا اپنی اپنی صلاحیت اور سمجھ کے مطابق محاوروں اور کہاوتوں کا جملوں میں استعمال کریں گے۔ 1+1+1+1=4

**صحیح جواب(ii)**

**آپشن(d)** محاورہ کا مطلب ہمدردی نہ کرنا ہے جو کہ صحیح جواب ہے۔ 1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

**آپشن(a)** خون کا رنگ نہیں بدلتا ہے اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**آپشن(b)** خون کی کمی ہونا ایک بیماری ہے اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**آپشن(c)** ہمدردی کرنا اس محاورے کے معنی کی ضد ہے اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**صحیح جواب(iii)**

**آپشن(b)** محاورہ کا مطلب حیران رہ جانا ہے جو کہ صحیح جواب ہے۔ 1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

**آپشن (a)** کسی مصیبت میں مبتلا ہونے کی طرف اشارہ کرتا ہے اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**آپشن(c)** کسی غلط کام کرنے کی طرف اشارہ کرتا ہے اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**آپشن(d)** اداس ہونے کی علامت ہے اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ طلبا کو محاوروں اور کہاوتوں کا استعمال روزمرہ زندگی میں کروائیں اور ان کے معنی بھی بتائیں اور اس کی مشق بھی کروائی جائے۔

13۔ (i) اس علامت "(!)" کا نام کیا ہے؟ 1

(A) فجائیہ (B) وقفہ

(C) خمہ (D) سکتہ

(ii) وہ خاص ________ جو عبارت کو صحیح طور پر پڑھنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں، انھیں رموزِ اوقاف کہتے ہیں۔ 1

(A) فقرے (B) عبارتیں

(C) علامتیں (D) اعراب

13-

صحیح جواب(i)

آپشن(A) فوری حیرت، استعجاب، خوشی یا غم کا لہجہ ظاہر کرنے والی علامت کو فجائیہ کہتے ہیں جو کہ صحیح جواب ہے۔ 1

دیگر آپشنز کا جائزہ

آپشن(b) طویل وقفہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

آپشن(c) جملے کے خاتمے پر استعمال کیا جاتا ہے، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

آپشن(d) جملے میں مختصر وقفے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

صحیح جواب(ii)

آپشن(c) وہ خاص علامتیں جو عبارت کو صحیح طور پر پڑھنے کے لیے ضروری ہوتی ہیں، انہیں رموز اوقاف کہتے ہیں جو کہ صحیح جواب ہے۔ 1

دیگر آپشنز کا جائزہ

فقرے، عبارتیں، اعراب، ان کا استعمال تحریر میں ٹھہراؤ، نشیب و فراز کے لیے نہیں ہوتا ہے۔ اس لیے a,b,d غلط جواب ہیں۔

اصلاح/مشورہ

اساتذہ طلبا کو عبارت میں ٹھہراؤ، روانی اور مفہوم کی صحیح کیفیت کے بارے میں بتا کر سمجھائیں گے اور مشق کرائیں گے۔

14- (i) شاعر غزل کے آخری شعر میں اپنا تخلص استعمال کرتا ہے، اس شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(ii) ایسی نظم جو چھوٹی بڑی سطروں پر مشتمل ہوتی ہے، اس میں نہ تو ردیف اور قافیہ کی پابندی ہوتی ہے اور نہ بحر اور وزن کی، کیا کہلاتی ہے؟ 1

(A) آزاد نظم (B) پابند نظم

(C) نظم معرا (D) نثری نظم

14-

صحیح جواب(i)

طلبا اپنی سمجھ کی بنیاد پر جواب لکھیں گے۔ 1

صحیح جواب(ii)

آپشن(d) نثری نظم جو چھوٹی، بڑی نثری سطروں پر مشتمل ہوتی ہے اس میں ردیف، قافیہ، وزن کی پابندی نہیں ہوتی ہے جو کہ صحیح جواب ہے۔

1

**دیگر آپشنز کا جائزہ**

**آپشن(a)** ایسی نظم جس میں نہ تو قافیہ کی پابندی ہوتی ہے اور نہ یہ اس کے مصرعے برابر ہوتے ہیں۔ لیکن بحر کی پابندی کی جاتی ہے اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**آپشن(b)** ایسی نظم جس میں بحر کے استعمال اور قافیوں کی ترکیب میں مقررہ اصولوں کی پابندی کی گئ ہو، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**آپشن(c)** ایسی نظم جس کے تمام مصرعے برابر کے ہوں مگر ان میں قافیہ کی پابندی نہ ہو، اس لیے یہ غلط جواب ہے۔

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ طلبا کو اصناف شاعری کی تدریس کے وقت ان کی اقسام اور ان کے درمیان فرق کو واضح کریں گے۔

**حصہ 'د'**

15۔ درج ذیل میں سے صرف دو کے جواب دیجیے۔ :4

(i) بھولا کہاں چلا گیا تھا اور کیوں؟

(ii) "نیا قانون" کے آنے کی خبر سے منگو کوچوان کیوں خوش تھا؟

(iii) سرسید کے نانا کے یہاں دسترخوان کے کیا آداب تھے؟

(iv) ہمیں اپنے ماحول کو بچانے کے لیے کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟

15-

**صحیح جواب(i)** ماما جی کو ڈھونڈھنے گھر کی بتی لے کر سڑک پر چلا گیا تھا۔ 2

**صحیح جواب(ii)** کیونکہ ہندوستان آزاد ہو جایگا اور انگریز گورے ہندستانیوں پر ظلم نہیں کریں گے۔ 2

**صحیح جواب(iii)** سبھی خاندان کے لوگ ایک ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے۔ تمام لوگ ادب اور صفائی کا خاص خیال رکھتے تھے۔ 2

**صحیح جواب(iv)** فضا کو آلودہ نہ ہونے دیں۔ جنگلات کی حفاظت کریں۔ درخیوں کو کاٹنے سے بچائیں۔ 2

16۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تحریر کیجیے۔ :2=4

(i) "کسی کے روپ میں تم بھی تو اپنے درشن دو" شاعر یہ کس سے کہہ رہا ہے؟

(ii) "خیموں کا اک جنگل دیکھا" اس مصرعے میں شاعر نے کس منظر کی عکاسی کی ہے؟

(iii) حسن عمل اور راست گوئی سے کیا مراد ہے؟

16-

**صحیح جواب(i)** شاعر اپنے محبوب سے کہہ رہا ہے۔ 2

صحیح جواب(ii) خیمے دیکھ کر شاعر کو جنگل کا خیال آیا۔ 2

صحیح جواب(iii) اچھے کام کریں، سچ بولیں اور آپس میں مل جل کر رہیں۔ 2

17۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھیے۔ ×2=4

(i) چنتو اُن دیوتا سے کیوں ناراض رہتا تھا؟

(ii) بہو بیگم کے کردار کی خوبیاں بیان کیجیے۔

(iii) نور خاں نے کمانڈنگ افسر کی رپورٹ کیوں کی اور اس کا کیا اثر ہوا؟

(iv) ہٹے کٹے فقیر کو دیکھ کر مصنف کی کیا حالت ہوئی؟

17۔

صحیح جواب(i) چنتو جب امیروں کو دیکھ کر غصہ ہوتا اور کہتا کہ ان دیوتا اب دھن وانوں کا ہو گیا ہے۔ 2

صحیح جواب(ii) گھمنڈ نہ کرنا، خود کو برتر نہ سمجھنا، ماحول کے مطابق خود کو ڈھال لینا۔ 2

صحیح جواب(iii) انگریز افسر کے گالی دینے کی شکایت کی، اور اس کا کورٹ مارشل کروا کر اسے معافی مانگنی پڑی۔ 2

صحیح جواب(iv) ہٹے کٹے فقیر کو دیکھ کر مصنف کو بہت غصہ آیا۔ 2

**اصلاح/مشورہ**

اساتذہ طلبا میں نصابی اسباق کو پڑھنے کی دلچسپی پیدا کریں گے اور مشقی سوالات کی مشق کرائیں گے۔

18۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر ایک نوٹ لکھیے۔

(i) آپ بیتی

(ii) غزل

(iii) ڈراما

18۔

**مواد** 2

**زبان و بیان/انداز بیان** 1/2

**املا** 1/2

**اصلاح/مشورہ**

طلبا اپنی صلاحیت اور انداز بیان کے مطابق کسی ایک صنف پر نوٹ لکھیں گے۔ اساتذہ طلبا کو اصناف شاعری اور غیر افسانوی ادب کی تدریس کے وقت ان کی اقسام اور ان کے خصوصیات واضح کریں گے۔